SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

July 12, 2019

***For immediate release***

**گیلکسی ٹائپنگ جابز کمپنی کی غیر قانونی سر گرمیاں غیر قانونی، عوام سرمایہ کاری نہ کریں۔ایس ای سی پی**

اسلام آباد(11جولائی)سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ گیلکسی ٹائپنگ جابز(سنگل ممبر پرائیویٹ لمیٹڈ) کمپنی اپنی ویب سائٹ پر مختلف سرمایہ کاروں کی سکیموں کو متعارف کرواکر عوام سے غیر قانونی طور پر ڈیپازٹ اکھٹا کرنے میں ملوث ہے۔یہ کمپنی بھاری منافع اور فوائد کالالچ دے کر عوام کو سرمایہ کاری کرنے پر راغب کرتی ہے۔

اس کمپنی نے اپنی ویب سائٹ پر غیر قانونی اور جعلی دعوی کرر کھاہے کہ یہ کمپنی ایس ای سی پی کی منظور شدہ ہے۔اس بات کی وضاحت کی جاتی ے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پ پیسے رجسٹریشن کاقطعاًیہ مطلب نہیں کہ کمپنی کو عوام سے فنڈز اکٹھا کرنے کی اجازت ہے یااس کی تمام سر گرمیاں قانونی ہیں۔اس سے پہلے بھی ایس ای سی پی پریس ریلیز اور اشتہارات کے ذریعے عوام کو آگاہ کر چکاہے کہ اس کمپنی کو عوام سے فنڈز اکٹھا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ایسی تمام سکیمیں جن میں عوام سے بغیر اجازت اور منظوری کے فنڈز اکٹھے کئے جاتے ہیں، غیر قانونی ہیں۔ایس ای سی پی کی جانب سے اس کمپنی کے خلاف قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔عوام کوایک بار پھر انتباہ کیاجاتاہے کہ اس قسم کی غیر قانونی سکیموں سے گمراہ نہ ہوں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005